07.03.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... آسیہ میمونہ

Music

☆ نیپال کے عام انتخابات میں بالندر شاہ کی راشٹریہ سوتنتر پارٹی شاندار جیت کی جانب بڑھ رہی ہے۔ اُس نے 165 سیٹوں میں سے 36 سیٹیں جیتی ہیں، جبکہ 83 سیٹوں پر سبقت حاصل کیے ہوئے ہے۔

☆ امریکی انتظامیہ نے اسرائیل کیلئے 151 ملین امریکی ڈالر مالیت کے ہتھیاروں کی نئی فروخت کو منظوری دی ہے۔ مغربی ایشیا میں فوجی تصادم کا آج آٹھواں دن ہے۔

☆ تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے میٹرو پولیٹن شہروں میں غیرسبسڈی والے گھریلو LPG گیس سلنڈر کی قیمتوں میں 60 روپے اور کمرشیل سلنڈر کی قیمتوں میں 115 روپے کا اضافہ کردیا ہے۔

☆ اور Prague میں جاری بین الاقوامی شطرنج فیسٹیول میں بھارت کے D Gukesh نے اسپین کے David Anton Guijarro کو نویں اور آخری راؤنڈ میں ہرا دیا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے............

NEPAL ELECTION

نیپال میں، بالیندر شاہ کی قیادت والی راشٹریہ سوتنترتا پارٹی، RSP عام انتخابات میں واضح اکثریت حاصل کرنے کے قریب ہے۔ ہمالیائی ملک میں پُر تشدد Gen-Z احتجاجی مظاہروں کے بعد، یہ پہلے پارلیمانی انتخابات ہیں۔RSP نے جمعرات کو ہوئے ان انتخابات میں کاٹھمنڈو ضلع کے سبھی 10 حلقوں میں واضح کامیابی حاصل کرتے ہوئے 36 سیٹیں جیت لی ہیں، جبکہ دیگر 83 سیٹوں پر وہ آگے چل رہی ہے۔ بالیندر شاہ نے Jhapa-5 حلقے سے چار مرتبہ وزیراعظم کے پی شرما اولی کو

42 ہزار 543 ووٹوں سے ہرادیا ہے۔ نیپالی کانگریس نے چھ سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے، جبکہ دیگر 10 سیٹوں پر سبقت بنائے ہوئے ہے۔ دوسری جانب نیپال کمیونسٹ پارٹی نے دو سیٹیں جیتی ہیں اور مزید آٹھ سیٹوں پر وہ آگے چل رہی ہے۔

معزول وزیراعظم کے پی شرما اولی کی کمیونسٹ پارٹی آف نیپال نے ایک سیٹ جیتی ہے اور آٹھ سٹوں پر آگے ہے۔ Shram Sanskriti پارٹی چار سیٹوں پر آگے ہے، جبکہ راشٹریہ پرجاتی پارٹی ایک سیٹ پر سبقت بنائے ہوئے ہے۔ اس کے علاوہ ایک آزاد امیدوار نے بھی ایک سیٹ جیتی ہے۔ RSP چیئرمین روی Lami Chhane نے مسلسل تیسری کامیابی حاصل کرتے ہوئے Chitwan-2 حلقے پر بڑے فرق سے کامیابی حاصل کی ہے۔×

WEST ASIA CONFLICT

مغربی ایشیاء میں جاری شدید جنگ کا آج آٹھواں دن ہے۔ امریکہ-اسرائیل اور ایران کے درمیان شدید فضائی اور ڈرون حملوں کی وجہ سے علاقائی تصادم کا دائرہ وسیع ہوگیا ہے۔گزشتہ مہینے کی 28 تاریخ کو امریکہ اور اسرائیل کے مشترکہ فوجی حملے میں، ایران کے رہبرِ اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای اور دیگر فوجی کمانڈروں کی ہلاکت کے بعد کشیدگی میں اضافہ ہوا، جس کے بعد ایران بھرپور جوابی حملے کررہا ہے۔کشیدگی میں اضافے کے دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے اسرائیل کو 151 ملین امریکی ڈالر مالیت کے ہتھیار کی نئی فروخت کی منظوری دے دی ہے۔ اِس دوران فضائی حملے میں آج صبح سویرے ایران کی راجدھانی کو نشانہ بنایا گیا۔

سوشل میڈیا پر پوسٹ کی گئی ایک ویڈیو میں حملے کے بعد تہران کے مہرآباد ہوائی اڈے پر آگ کے شعلے بھڑکتے ہوئے دکھائے گئے ہے۔ اُدھر اقوامِ متحدہ میں ایران کے سفیر Amir Saeid Iravani نے کہا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل کے فضائی حملوں میں خواتین اور بچوں سمیت ایک ہزار 332 ایرانی سویلین مارے گئے ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ امریکہ اور اسرائیل نے جان بوجھ کر، ایران میں غیرفوجی شہریوں اور شہری بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے یہ بات پھر کہی کہ ایران خود کا دفاع کرنے کے اپنے حق کا استعمال کرتا رہے گا۔ اِس دوران لبنان کی سرکاری خبر رساں ایجنسی نے خبر دی ہے کہ مقامی جنگجوؤں اور اسرائیلی فورس کے درمیان آج صبح سویرے تصادم ہوا۔ یہ واقعہ مشرقی لبنان میں حزب اللہ کے ایک مضبوط ٹھکانے Nabi Chit قصبے کے نزدیک ہوا۔x

INDIA EMBASSY-QATAR

تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے ملک کے سبھی میٹروپولیٹن شہروں میں غیر سبسڈی والے گھریلو LPG گیس سلینڈر کی قیمت میں 60 روپے کا اضافہ کر دیا ہے۔ انڈین آئل کارپوریشن کے مطابق دلّی میں، 14 اعشاریہ دو کلو گرام گیس سلینڈر کی قیمت 853 روپے سے بڑھ کر 913 روپے ہو گئی ہے۔ جبکہ ممبئی میں نئے LPG سلینڈر کی قیمت 912 روپے 50 پیسے، کولکاتہ میں 939

روپے اور چنئی میں 928 روپے 50 پیسے ہوگی۔ اس کے علاوہ کمرشیل LPG گیس سلینڈروں کی قیمت میں بھی 115 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ نئی قیمتیں آج سے ہی نافذ ہو گئی ہیں۔ ×

LPG PRICE HIKE

تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے ملک کے سبھی میٹروپولیٹن شہروں میں غیر سبسڈی والے گھریلو LPG گیس سلینڈر کی قیمت میں 60 روپے کا اضافہ کر دیا ہے۔ انڈین آئل کارپوریشن کے مطابق دلّی میں، 14 اعشاریہ دو کلوگرام گیس سلینڈر کی قیمت 853 روپے سے بڑھ کر 913 روپے ہو گئی ہے۔ جبکہ ممبئی میں نئے LPG سلینڈر کی قیمت 912 روپے 50 پیسے، کولکاتہ میں 939 روپے اور چنئی میں 928 روپے 50 پیسے ہوگی۔ اس کے علاوہ کمرشیل LPG گیس سلینڈروں کی قیمت میں بھی 115 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ نئی قیمتیں آج سے ہی نافذ ہو گئی ہیں۔ ×

PM-DELHI PROJECTS

وزیراعظم نریندر مودی کل نئی دلّی میں تقریباً 33 ہزار 500 کروڑ روپے کی مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ جناب مودی تقریباً 18 ہزار 300 کروڑ روپے مالیت کے دلّی میٹروں پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وہ دلّی میٹرو کے دو نئے کوریڈورز کا افتتاح کریں گے۔ ان میں تقریباً 12 اعشاریہ تین کلو میٹر پر مشتمل مجلس پارک- موج پور- بابرپور (Pink Line) کوریڈور اور تقریباً 9 اعشاریہ 9 کلومیٹر طویل دیپالی چوک- مجلس پارک (Magneta Line) کوریڈورز شامل ہیں۔×

ADD PM-DELHI PROJECTS

وزیراعظم نریندر مودی دلّی میٹرو کے Phase Five-A کے تحت تین نئے کوریڈورز کا بھی افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے، جن میں 16 کلومیٹر سے زیادہ طویل ایک روٹ کا احاطہ کیا جائے گا۔ جناب مودی، جنرل پول ریزیڈنشل Accomodation Redevelopment Plan (GPRA) کے تحت 15 ہزار 200 کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔×

PREZ SANTAL CONFERNCE

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار نے قبائلی برادریوں، اُن کی ثقافتی روایات اور زبانوں کو فروغ دینے کیلئے کئی اقدامات کئے ہیں تاکہ اُن کی ہمہ جہت ترقی کو یقینی بنایا جاسکے۔ صدرِ جمہوریہ نے نویں بین الاقوامی Santal

کانفرنس سے خطاب کیا، جس کا اہتمام آج مغربی بنگال کے دارجلنگ میں بین الاقوامی Santal کونسل کی جانب سے کیا جارہا ہے۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ شاندار سَنتھالی ثقافت اور روایات کی جڑیں قدرتی ماحولیات کے تحفظ اور انسانوں کے ساتھ اس کے بقائے باہم کے ساتھ جڑی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ Santal برادری کی Ol Chiki زبان آئین کے آٹھویں شیڈول میں شامل کی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 2023 سے مختلف ریاستوں میں بہت سے قبائلی میوزیم قائم کئے جارہے ہیں، جن میں قبائلیوں کی عظیم ثقافت، روایات اور تاریخ کی شاندار جھلک پیش کی جارہی ہے۔

SB - 1400 - Prez Santhal Council

RAILWAY SPECIAL TRAIN

ریلوے نے کل احمد آباد میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان ICC ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کے فائنل میچ کے پیشِ نظر ایک خصوصی ٹرین چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ ہوائی جہاز کے زیادہ کرائے اور فائنل میچ دیکھنے کے شائقین کیلئے ٹکٹ کی عدم دستیابی کے پیشِ نظر کیا گیا ہے۔ ریلوے کے مطابق خصوصی ٹرین آج رات نئی دلّی سے 11 بجکر 45 منٹ پر روانہ ہوگی اور کل دن میں 2 بجکر 30 منٹ پر سابرمتی پہنچے گی۔ یہ ٹرین دلّی کینٹ، گروگرام اور جے پور سے ہوکر گزرے گی۔x

CHESS

شطرنج میں، عالمی چمپئن D.Gukesh نے چیک جمہوریہ میں جاری پراگ انٹرنیشنل Chess فیسٹول میں کل ماسٹرس سیکشن کے نویں اور آخری راؤنڈ میں اسپین کے ڈیوڈ Anton-Guijarro کو ہرادیا۔ اس سے پہلے Draws اور تین شکستوں کے بعد D.Gukesh نے نویں بازی تین اعشاریہ پانچ پوائنٹس کے ساتھ ڈرا کی۔x

NAIDU-AIRBUS CENTRE

شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ Airbus یوروپ کے باہر بھارت میں اپنا دوسرا سب سے بڑا ڈیجیٹل سینٹر تیار کررہا ہے، جس کے ساتھ ہی ملک عالمی صلاحیت والے مراکز کیلئے ایک ہَب کے طور پر بن کر اُبھر رہا ہے۔ آج بینگلورو میں ایئربس انڈیا ٹیکنالوجی سینٹر کا ورچوئل وسیلے سے افتتاح کرتے ہوئے جناب نائیڈو نے کہا کہ ملک کی ماہر اور نوجوان افرادی قوت سے لیس نیا ایئربس کیمپس جدید انجینئرنگ اور اختراع پر مبنی مراکز کے ساتھ ملک کی بڑھتی ہوئی علامت کے طور پر عالمی صلاحیت کے مراکز کا پاور ہاؤس بن کر کھڑا ہے۔x

MEA FACT CHECK

امورِ خارجہ کی وزارت نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ کو غلط قرار دے کر مسترد کردیا ہے، جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ سعودی عرب نے ایک بھارتی سمیت موساد کے دو اسرائیلی ایجنٹوں کو حراست میں لے لیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزارت کے Fact Check یونٹ نے، اِس دعوے کو فرضی بتایا ہے۔ اُس نے لوگوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اِس طرح کے فرضی دعووں سے چوکس رہیں۔x

PAKSTANI PETROL

پاکستانی حکومت نے پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمتوں میں 55 پاکستانی روپے فی لیٹر کا اضافہ کیا ہے۔ ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کے نتیجے میں ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت اب 335 اعشاریہ آٹھ چھ پاکستانی روپے فی لیٹر ہوگئی ہے، جو پہلے کی 280 اعشاریہ آٹھ چھ روپے فی لیٹر قیمت سے تقریباً 20 فیصد زیادہ ہے۔ اسی طرح پیٹرول کی قیمت بڑھکر 321 اعشاریہ ایک سات پاکستانی روپے فی لیٹر ہوگئی ہے، جو پہلے 266 اعشاریہ ایک سات پاکستانی روپے فی لیٹر تھی، جس میں تقریباً 17 فیصد کا اضافہ ظاہر ہوتا ہے۔x

PM-JAN AUSHADHI DIWAS

وزیراعظم نریندر مودی نے آج 'جن اوشدھی دِوس' کے موقع پر ملک کے عوام کو مبارک باد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے 'پردھان منتری بھارتیہ جن اوشدھی یوجنا' سے مستفید ہونے والے سبھی افراد کو نیک خواہشات پیش کیں۔ جن اوشدھی کیندروں کے فائدوں اور اثرات کو اجاگر کرتے ہوئے، وزیراعظم نے کہا کہ مناسب علاج معالجہ کی سہولت دستیاب ہونے کے سبب، بے شار کنبوں کے حفظان صحت پر ہونے والے اخراجات ختم ہوگئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس پہل سے، شہریوں کو کفایتی داموں پر معیاری دوائیں دستیاب کرانے سے متعلق حکومت کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔x

PIB FACT CHECK SITHARAMAN

حکومت نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ کی تردید کی ہے، جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن 22 ہزار روپے کی سرمایہ کاری پر ہر مہینے 10 لاکھ روپے دیئے جانے کی ایک اسکیم کو فروغ دے رہی ہیں۔ پریس انفارمیشن بیورو کے Fact Check یونٹ نے اِن دعووں کو فرضی قرار دیا ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ وزیرِ خزانہ یا مرکزی سرکار نے اِس طرح کی کسی بھی اسکیم کو منظوری نہیں دی ہے۔ حکومت نے شہریوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اِس طرح کی اطلاعات کیلئے سرکاری ذرائع پر بھروسہ کریں اور انہیں شیئر کرنے سے پہلے اس کی تصدیق کرلیں۔ x

FACT CHECK-SILIGURI

حکومت نے سوشل میڈیا کی اُن پوسٹس کی تردید کی ہے، جن میں بہار اور سِلّی گوڑی کوریڈور کے نزدیک مغربی بنگال سے مرکز کے زیر انتظام ایک نیا علاقہ بنانے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ پریس انفارمیشن بیورو PIB کے 'فیکٹ چیک' یونٹ نے ان دعوؤں کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔ اس نے کہا ہے کہ ایسی کوئی بھی تجویز حکومت کے زیر غور نہیں ہے۔ حکومت نے شہریوں پر بھی زور دیا ہے کہ وہ کسی بھی اطلاع کیلئے ہمیشہ سرکاری ذرائع پر انحصار کریں اور اس خبر کو شیئر کرنے سے پہلے اس کی تصدیق ضروری کرلیں۔×

WOMEN SHAKTI WALK

خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزارت، خواتین کے بین الاقوامی دن کی تقریبات کے حصے کے طور پر کل نئی دلّی میں ''شکتی واک'' کے نام سے خواتین کی قیادت والی ایک Walk کا انعقاد کررہی ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ یہ واک صبح سات بجکر 30 منٹ سے 10 بجے تک ہوگی، جس کے دوران انڈیا گیٹ سے کرتویہ پتھ ہوتے ہوئے وِجے چوک تک تقریباً دو کلومیٹر کا احاطہ کیا جائے گا۔ اس شکتی واک کا مقصد، سبھی شعبوں میں خواتین کی قیادت اور گراں قدر تعاون کا جشن منانا ہے اور اس کے ساتھ ہی خواتین کی حفاظت، سلامتی اور انہیں بااختیار بنانے سے متعلق حکومت کے عزم کو مزید مستحکم بنانا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆